**26.04.2025**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد
Music

.......................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل صبح گیارہ بجے آکاشوانی سے اپنے پروگرام ’’من کی بات‘‘ میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔
- ☆ مرکز نے تمام میڈیا چینلوں کو ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ قومی سلامتی کے مفاد میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کی براہ راست کوریج دکھانے سے گریز کریں۔
- ☆ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق بھارت نے پچھلے دس برس میں 17 کروڑ لوگوں کو انتہائی غربت کی حالت سے کامیابی کے ساتھ باہر نکالا ہے۔
- ☆ ایران کی بندرگاہ بندر عباس پر زبردست دھماکہ ہوا ہے، چار افراد ہلاک اور500سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔
- ☆ Vatican میں آخری رسومات کے بعد پوپ فرانسس کی تدفین عمل میں آئی۔
- ☆ اور IPL ٹوینٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں پنجاب کنگس نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے سامنے جیت کیلئے 202 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

.......................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### PM-Man ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی کل دن میں 11 بجے آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 121واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام ترنیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR نیوز، DD نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریئے کے فوراً بعد آکاشوانی اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔×

### Rev. I B Media Advosory

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے تمام میڈیا چینلوں کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ قومی سلامتی

کے مفاد میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں اور سیکیورٹی فورسز کی نقل و حرکت کی براہ راست کوریج دکھانے سے گریز کریں۔ وزارت نے کہا ہے کہ میڈیا، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور افراد، قومی سلامتی کے تحفظ میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ تمام میڈیا پلیٹ فارمز، نیوز ایجنسیوں اور سوشل میڈیا صارفین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ دفاع اور سیکیورٹی سے منسلک دیگر کارروائیوں سے متعلق رپورٹنگ کرتے ہوئے بے حد محتاط رہیں اور بھر پور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور موجودہ قوانین اور ضابطوں پر سختی سے عمل کریں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے........

VC-Dipendra Kumar

کارگل جنگ، 11 / 26 ممبئی دہشت گردانہ حملے اور قندھار طیارہ اغوا معاملے میں پابندیوں سے آزاد کوریج سے قومی مفادات پر منفی اثرات مرتب ہوئے۔ اِس سے ذمہ دارانہ رپورٹنگ کی اہمیت واضح ہوئی۔ حکومت نے اپنی ایڈوائزری میں، میڈیا سے کہا ہے کہ وہ فوجی کارروائیوں یا فوجیوں کی نقل و حرکت سے متعلق ذرائع پر مبنی معلومات کی بنیاد پر رپورٹنگ سے گریز کریں۔ اطلاعات ونشریات کی وزارت نے کہا ہے کہ حساس معلومات کا قبل از وقت انکشاف، نادانستہ طور پر دشمن عناصر کی مدد کر سکتا ہے اور فوجی کارروائیاں متاثر ہوسکتی ہیں نیز فوجی اہلکاروں کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک ترمیمی قوانین میں کہا گیا ہے کہ کیبل سروس کے ذریعے ایسا کوئی بھی پروگرام نشر نہیں کیا جائے گا، جس میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کی براہ راست کوریج شامل ہو۔دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

یا فوجیوں کی نقل و حرکت سے متعلق ذرائع پر مبنی معلومات کی بنیاد پر رپورٹنگ سے گریز کریں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ حساس معلومات کا قبل از وقت انکشاف، نادانستہ طور پر دشمن عناصر کی مدد کر سکتا ہے اور فوجی کارروائیاں متاثر ہوسکتی ہیں اور اہلکاروں کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔x

## Govt Airlines

حکومت نے ایئر لائنز کو ہدایت دی ہے کہ وہ فضائی حدود کی پابندیوں کے دوران مسافروں کے بندوبست سے متعلق اقدامات کو نافذ کریں تاکہ مسافروں کے آرام اور حفاظت نیز ضابطوں کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔

شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا ہے کہ حالیہ بین الاقوامی فضائی حدود کی بندش کے تناظر میں، کئی پروازوں کے راستوں میں نمایاں طور پر تبدیلی کی گئی ہے، جس کی وجہ سے پروازوں کے سفر میں زیادہ وقت لگ رہا ہے۔ وزارت نے ایئر لائنز سے کہا ہے کہ وہ مسافروں کو سفر کے راستے میں ہونے والی تبدیلیوں، سفر میں زیادہ وقت لگنے کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔ x

## PM Rozgar Mela

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جب نوجوان ملک کی تعمیر میں حصہ لیتے ہیں تو ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے اور دنیا میں اپنی منفرد شناخت قائم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک کے نوجوان، اپنی محنت اور اختراع

سے دنیا کو دکھا رہے ہیں کہ بھارت کتنی صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیر اعظم آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں میں نئی تقرری پانے والے نوجوانوں کو 51ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کرنے کے بعد روزگار میلہ سے خطاب کر رہے تھے۔جناب مودی نے کہا کہ جن نوجوانوں کو آج اپنا تقرر نامہ ملا ہے، ان پر معیشت، داخلی سلامتی، جدید بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور محنت کش افراد کی زندگی میں تبدیلیاں لاکر ملک کو مضبوط کرنے کی اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ چند دنوں میں عالمی آڈیو ویژول اور انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES-2025 ممبئی میں منعقد ہونے جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مرکز ملک کے نوجوان ہیں۔

S/B: PM on WAVES- 34 Sec

## Vaishnaw Elecrtonics

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں الیکٹرانک آلات کی مینوفیکچرنگ اسکیم کے رہنما خطوط اور آن لائن پورٹل کا افتتاح کیا۔ حال ہی میں مرکزی کابینہ نے 22ہزار 919 کروڑ روپئے کے فنڈ کے ساتھ اِس اسکیم کو منظوری دی تھی تا کہ الیکٹرانکس کی سپلائی Chain میں بھارت کو آتم نربھر بنایا جاسکے۔ یہ رہنما خطوط وسیع پیمانے پر صنعتوں کے ساتھ صلاح ومشورہ کے بعد وضع کئے گئے ہیں۔ آن لائن پورٹل کے ذریعے پہلی مئی سے درخواستیں موصول کئے جانے کیلئے یہ اسکیم شروع کی جائے گی۔x

## World Bank Report Poverty

بھارت نے پچھلے دس برس میں کامیابی کے ساتھ 17 کروڑ دس لاکھ لوگوں کو انتہائی غربت کی سطح سے باہر نکالا ہے۔ عالمی بینک کی اِسپرنگ2025 کی غربت اور مساوی مواقع سے متعلق رپورٹ کے مطابق اترپردیش، مہاراشٹر، بہار، مغربی بنگال اور مدھیہ پردیش میں انتہائی غریبی کی صورتحال میں مجموعی طور پر دو تہائی کی کمی آئی ہے۔ دیہی علاقوں میں انتہائی غریبی کی صورتحال 2011-12میں 18اعشاریہ چار فیصد سے بجد کم ہوکر 2022-23میں دو اعشاریہ آٹھ فیصد ہوگئی جبکہ شہری علاقوں میں اِسی مدت کے اعداد وشمار کے مطابق غربت دس اعشاریہ سات فیصد سے کم ہوکر ایک اعشاریہ ایک فیصد ہوگئی۔اس میں مزید کہا گیا ہے کہ بھارت میں روزگار میں ترقی کے مثبت رجحانات نظر آتے ہیں، بالخصوص 2021-22سے۔ رپورٹ میں اپنے خود کے روزگار بالخصوصی دیہی کارکنوں اور خواتین کے روزگار میں بڑھوتری کو بھی دکھایا گیا ہے جس سے اقتصادی شراکت داری کے تئیں اُن کی خدمات کا اظہار ہوتا ہے۔x

## Rev Iran Blast

جنوبی ایران میں بندر عباس کے نزدیک شہید رَجائی بندرگاہ پر ہوئے ایک زبردست دھماکے کے بعد کم از کم چار افراد ہلاک اور 500سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ دھماکے کی وجہ سے آس پاس کے علاقے میں بہت نقصان ہوا اور مغربی بندر عباس میں کچھ صنعتیں بھی متاثر ہوئیں۔سرکاری میڈیا کی خبر کے مطابق دھماکہ اُن کی کئی کنٹینروں میں

ہوا جو شہید رجائی بندرگاہ کی مال گودی میں رکھے ہوئے تھے۔ ایران کی پیٹرولیم ریفائن اور تقسیم سے متعلق قومی کمپنی نے کہا کہ دھماکے میں تیل سے متعلق عمارتوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ یہ دھماکہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب ایران نے عمان میں امریکہ کے ساتھ نیوکلیائی مذاکرات کے تیسرے دور کا آغاز کیا ہے۔x

## World Leaders Phalgam Blast

پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے کے بعد عالمی لیڈروں کی جانب سے بھارت کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کیلئے وزیراعظم نریندر مودی سے رابطے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے وزیر اعظم مودی سے فون پر بات کی اور جموں وکشمیر میں دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی اور متاثرین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا۔ دونوں لیڈروں نے اس بات سے اتفاق کیا کہ دہشت گردی کی اِس طرح کی کارروائیوں کا کوئی جواز نہیں ہوسکتا۔ اور جو لوگ بھی انسانیت میں یقین رکھتے ہیں انھیں دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں مل کر کھڑے ہونا چاہیئے۔ وزیر اعظم مودی نے بھارت کے عوام کے غم وغصے سے اُنھیں واقف کرایا اور اِس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردانہ حملے کے پیچھے کارفرما افراد اور اُن کے حامیوں کے ساتھ پوری مضبوطی کے ساتھ اور فیصلہ کن انداز میں نمٹا جائے گا۔ انھوں نے بندرعباس میں آج ہوئے دھماکے میں ہلاک ہونے والے افراد کے تئیں تعزیت بھی پیش کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کی۔ متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زائد النہیان نے وزیراعظم مودی سے فون پر بات کی اور دہشت گردانہ حملے میں لوگوں کی جانیں تلف ہونے پر تعزیت کا اظہار کیا۔ انھوں نے حملے کی سخت مذمت کی اور بھارت کے ساتھ اپنی پوری حمایت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ دونوں لیڈروں نے اِس بات سے اتفاق کیا کہ دہشت گردی کی تمام قسموں اور ان کے اظہار کے طریقوں کو قطعی مسترد کیا جانا چاہیئے۔x

## Jharkhand Anti Terrorist Squad

ممنوعہ تنظیموں اسلامک اسٹیٹ آف عراق اینڈ سیریا ISIS اور حزب التحریر HUT سے وابستہ دہشت گردوں کے ایک نیٹ ورک کے خلاف انسداد دہشت گردی کے دستے ATS نے ایک بڑی کارروائی میں جھارکھنڈ کے دھنباد ضلع میں واقع واسی پور علاقے سے ایک جوڑے سمیت چار مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ اسی علاقے میں مختلف مقامات پر چھاپے کی کارروائی کے دوران حزب التحریر کے سلیپر سیل کے چار ممبروں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ لوگ وہاں رہ رہے تھے اور ریاست کے دیگر نوجوانوں کو اپنے نیٹ ورک میں جوڑ کر ملک مخالف سرگرمیاں انجام دے رہے تھے۔ ان لوگوں کے پاس سے دو پستول اور 12 گولیاں بھی برآمد کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ لیپ ٹاپ، پین ڈرائیو، اسمارٹ فونز اور دیگر الیکٹرانک آلات ضبط کئے گئے ہیں۔x

## Rev. Pope Francis Funeral

پوپ فرانسس کی سینٹ پیٹرس Basilica میں اُن کی آخری رسومات کے بعد روم کے Santa Maria Maggiore میں تدفین کی گئی۔ Cardinal Giovanni Battista Re نے ان کی آخری رسومات کی قیادت

کی۔ ان رسومات کی ادائیگی کے موقع پر عالمی لیڈر، مذہبی رہنما اور ہزاروں سوگوار موجود تھے۔ پوپ فرانسس کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے دنیا بھر کے مختلف ملکوں کے صدور، وزرائے اعظم، شاہی گھرانوں کے افراد اور مذہبی رہنما موجود تھے۔بھارت کی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تعزیت پیش کی۔ موقع پر موجود دیگر قابل ذکر شخصیات میں امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ، فرانس کے صدر ایمونوئل میخوں، برازیل کے صدر لولا ڈا سِلوا اور ارجنٹینا کے صدر Javier Milei شامل ہیں۔اٹلی کے وزیر داخلہ Matteo Piantedosi نے میڈیا کو بتایا کہ Vatican اور روم میں تقریباً چار لاکھ افراد نے اُن کی آخری رسومات میں شرکت کی۔ پوپ فرانس کا پیر کے روز 88برس کی عمر میں انتقال ہوا تھا۔x

## US Ukraine Meet

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی اور امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پوپ فرانسس کی آخری رسومات کی ادائیگی سے قبل سینٹ پیٹرس Basilica میں ملاقات کی۔ وہائٹ ہاؤس نے 15منٹ کی اِس ملاقات کو انتہائی سودمند قرار دیا۔ بعد میں صدر زیلنسکی نے اِسے انتہائی علامتی کہا اور یہ کہ اِس میٹنگ کے متعلق امکانات ہیں کہ یہ تاریخی میٹنگ قرار پائے گی۔ یہ میٹنگ امریکی صدر ٹرمپ کے اِس بیان کے ایک دن بعد ہوئی ہے جس میں انھوں نے کہا تھا کہ روس اور یوکرین جلد ہی کسی معاہدے پر پہنچنے والے ہیں۔x

## Government Healthcafre Policies

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ بھارت کی حکومت کی حفظانِ صحت کی پالیسیاں سماج کے سبھی طبقات کی دیکھ بھال اور ایک صحت مند ملک کو یقینی بنانے کی غرض سے تیار کی گئی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت یہ ارادہ رکھتی ہے کہ آنے والے چند مہینوں میں ملک بھر میں تقریباً ایک لاکھ 75 ہزار آیوشمان آروگیہ مندر یعنی صحت اور تندرستی کے مراکز قائم کئے جائیں۔حکومت ساری دنیا کو بڑی تعداد میں ڈاکٹرس اور دیگر طبی پیشے ور افراد فراہم کرنے کا بھی عزم رکھتی ہے۔ اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ اب سے پہلے طالب علموں کو میڈیکل کی معیاری تعلیم اور حفظانِ صحت کی سہولیات حاصل کرنے کیلئے بیرونِ ملک کا سفر کرنا پڑتا تھا، جناب نڈّا نے کہا کہ لیکن آج بھارت ہی میں عالمی درجے کی سہولیات دستیاب ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت نے ضوابط کے اُس پیچیدہ عمل کو بھی ختم کردیا ہے جس کے سبب اِس سے پہلے میڈیکل کالجوں کے قیام میں رکاوٹ پیش آتی تھی۔ انھوں نے پُنے میں Symbiosis یونیورسٹی ہاسپٹل اور ریسرچ سینٹر میں Nephrology اور Urology سینٹر کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔x

## Union Power Minister

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے یقین دلایا ہے کہ اُن کی وزارت، پورے ملک میں بجلی کی مانگ پورا کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ بجلی کی پیداوار سے زیادہ لوگوں کیلئے روزگار کی فراہمی کو یقینی بنایا

جاسکے گا۔ وزیر موصوف آج شمال مشرقی ریاستوں کے بجلی کے وزیروں کی علاقائی کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد سکّم کے Gangtok میں نامہ نگاروں سے گفتگو کر رہے تھے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ ملک کے میدانی علاقوں کے مقابلے، شمال مشرق کی پہاڑی ریاستوں کے ساتھ ساتھ اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور جموں و کشمیر کو بنیادی ڈھانچے تعمیر کرنے کیلئے زیادہ فنڈز فراہم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شمال مشرقی ریاستوں سکّم اور اروناچل پردیش میں پن بجلی کے سیکٹر کیلئے کافی مواقع ہیں۔ x

## IMD Heatwave

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے راجستھان، مدھیہ پردیش، ہریانہ اور پنجاب کے علاقوں میں اگلے چار روز کے دوران شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ بہار، جھارکھنڈ، کیرالہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور ساحلی آندھرا پردیش میں گرمی اور حبس کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور راجستھان کے علاقوں میں اگلے دو دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں اہم تبدیلی کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں کل تک شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ، چھتیس گڑھ، مشرقی اترپردیش، مغربی بنگال کے گنگا کے میدانی علاقے، بہار اور جھارکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔x

## ODI Women's Cricket

خواتین کے ایک روزہ بین الاقوامی میچ کے عالمی کپ کے انعقاد میں پانچ مہینے باقی رہ گئے ہیں۔ ایسے میں سری لنکا، جنوبی افریقہ اور بھارت کے درمیان سہ رخی مقابلہ کافی اہمیت کا حامل ہے۔ بھارت اِس ٹورنامنٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہے گا۔ اِس ٹورنامنٹ میں کُل 7 میچ کھیلے جائیں گے۔ لگاتار 6ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں جیت اور کپتان ہرمن پریت کی واپسی سے بھارت کو کافی امیدیں وابستہ ہیں۔ کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں سبھی میچز کھیلے جائیں گے۔ کل بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان ٹورنامنٹ کا پہلا میچ کھیلا جائے گا۔

## IPL T20 Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں پنجاب کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے سامنے جیت کیلئے 202 رن کا نشانہ رکھا ہے۔اس سے پہلے پنجاب کنگس نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بزی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پوائنٹس ٹیبل میں پنجاب کنگس فی الحال پانچویں مقام پر ہے۔ اس نے 8میں سے پانچ میچ جیتے ہیں۔ کولکاتہ نائٹ رائڈرس، ساتویں مقام پر ہے۔ اس نے 8میں سے صرف 3 میچ جیتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆